تمام حضرات کے لیے عمدہ ترین شرح میسر آگئی ہے جس میں مسائل کے تمام پہلوؤں کو واضح کر دیا گیا ہے اور مزید تحقیق کا شوق رکھنے والوں کے لیے بھی ایک سمت متعین ہو گئی ہے القول الحسن سے آپ علامہ عبدالرحمٰن مبارکپوری کی ابکار المنن کے رد میں استفادہ کر سکتے ہیں۔

نیاز آگین محمد رمضان شوق ناظم اعلیٰ مدرسہ اشاعت العلوم فیصل آباد

اشاریہ قرآنی مضامین کی اشاعت کا پروگرام

اردو کے معیاری رسائل کے قرآنی مضامین کا اشاریہ (مرتبہ ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی) ششماہی علوم القرآن کے سابق شماروں میں بالاقساط شائع ہو چکا ہے۔ اس کی افادیت کے پیش نظر ادارہ علوم القرآن نے اسے کتابی صورت میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس وقت یہ کام نظرثانی کے مرحلہ میں ہے۔ اسے خوب سے خوب تر بنانے کے سلسلہ میں قارئین کے گراں قدر مشوروں سے ادارہ کو بڑی مدد ملے گی۔ (ادارہ علوم القرآن علی گڑھ)

قرآن کریم کا سب سے چھوٹا نسخہ

کوچین ۱۴۔جون (میا تھا ڈم کے باشندے حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے پاس کلام پاک کا سب سے چھوٹا نسخہ ہے۔ اس نسخے کی لمبائی ۲/۱ ۲ سینٹی میٹر، چوڑائی ۷/۱ اسینٹی میٹر اور موٹائی ۲/۱ ۱ سینٹی میٹر ہے دنیا کا سب سے چھوٹا نسخہ ۲۹۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ مسٹر حسین کے پاس اس کلام پاک کے چھ نسخے تھے جن میں سے چار نسخے انہوں نے قریبی رشتہ داروں اور عزیزوں کو ہدیہ میں دے دیئے۔ مسٹر حسین یہ نسخے مسقط سے لائے تھے جہاں وہ بجلی کی دوکان چلاتے تھے چند مقامی صحافیوں نے قرآن کے ان نادر نسخوں کو دیکھا ان کا خیال ہے کہ یہ دنیا کے سب سے چھوٹے نسخے ہیں

قرآن پاک کا چینی ترجمہ

پاکستان میں قرآن مجید کا چینی زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ راولپنڈی سے شائع ہونے والے اخبار روزنامہ "جنگ" کی خبر کے مطابق یہ ترجمہ اسلام آباد کی دعوت اکیڈمی بین الاقوامی یونیورسٹی نے شائع کیا ہے۔ اکیڈمی کی ایک اطلاع کے مطابق چینی زبان میں ترجمے والے قرآن مجید کے نسخے پوری دنیا میں تقسیم کیے جائیں گے۔

(قومی آواز، دہلی ۱۵ر جولائی ۱۹۹۲ء)

روسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ

روسی مصنف ڈیرانے آٹھ سال کی مسلسل کوشش کے بعد قرآن پاک کے دو تہائی حصہ کا روسی زبان میں ترجمہ مکمل کر لیا ہے۔ اس سے قبل کچھ پاروں کا ترجمہ ۱۹۹۱ء میں شائع ہو چکا ہے جس کی روسی مسلمانوں